رنجش ہی سہی دل ہی دکھانے کے لیے آ
آ پھر سے مجھے چھوڑ کے جانے کے لیے آ

نوجوان دلوں کی دھڑکن ہے۔ ان اشعار کا خالق اب نئی نسل کا شاعر بن چکا ہے۔ اس کے شعروں میں اس نئے دور کی محرومیاں، تلخیاں اور رنجشیں ترجمان ہیں۔ یہ ہی چاہا کہ اس کا ایک مطالعہ کیا جائے اور قارئین کے لیے اس سے بات چیت کی جائے۔

احمد فراز



پہلی غزل کونسی ہے؟

اس کا مطلع ہے :

رات کے پچھلے پہر رونے کے عادی روئے
آپ آئے بھی مگر رونے کے عادی روئے

آپ کی عمر۔



محمود شام مشہور شاعر احمد فراز سے بات چیت کر رہے ہیں

غزل

اب کے ہم بچھڑے تو شاید کبھی خوابوں میں ملیں
جس طرح سوکھے ہوئے پھول کتابوں میں ملیں

ڈھونڈ اجڑے ہوئے لوگوں میں وفا کے موتی
یہ خزانے تجھے ممکن ہے خرابوں میں ملیں

تو خدا ہے نہ مرا عشق فرشتوں جیسا
دونوں انساں ہیں تو کیوں اتنے حجابوں میں ملیں

فراز



PLEA
Ma
HALA
A
918



اندھیرے

بینا آسیم

ریحانہ نے کروٹ بدلی۔ سرد اور خوشگوار ہوا اس کے رخساروں کو چھو چھو کر اٹھکیلیاں کرنے لگی۔ اس کے لمبے بال تمام تکیے پر بکھر گئے۔ کچھ گستاخ لٹیں جھک جھک کر اس کے لبوں پر پھیلنے لگیں۔ ہونٹوں پر ملائم بالوں کی لمس سے وہ مسکرا اٹھی۔ اور ان شریر لٹوں کے سروں کو کانوں کے پیچھے اچھی طرح دبا دیا۔ باہر لان کی طرف کھلتی ہوئی کھڑکی سے بھیگی ہوئی ہوا کا ایک جھونکا اس کے رخساروں کو گدگدا کر نکل گیا۔

"شاید آج بارش آئے" وہ بڑبڑائی۔ اور بادل کی گرج سے چونک سی گئی۔ "آج بارش ضرور آئے گی۔" اس نے بے تابی سے کروٹ بدلی۔ "آج بارش آ گئی تو..." اس نے تکیے پر بکھرے ہوئے بالوں کو دونوں ہاتھوں سے سمیٹ لیا۔ لمبے لمبے اور ملائم بال دونوں ہاتھ پر لپٹنے لگی۔ اور انہیں اکٹھا کر کے بڑی حفاظت سے اپنی گردن کے نیچے رکھ لیا۔..... کتنے ملائم اور خوبصورت ہیں یہ بال۔ روفی کہا کرتا ہے "کتنے پیارے ہیں تیرے بال ریحی" اور جب وہ پیار سے ان زلفوں کو چومتا ہے تو اس کا سارا پیار، اس کی ساری الفت ان بالوں میں سما جاتی ہے۔ اور جس وقت وہ اپنی لانبی لانبی انگلیوں سے ان بالوں میں کنگھی کرتا ہے تو کہتا ہے "ریحی میں تمہاری گھنیری زلفوں میں خود کو کھو بیٹھا ہوں" اور جب ---- جب اس نے شہر سے دور پہاڑ کے دامن میں یہ بنگلہ خریدا تو میں پوچھے بغیر نہ رہ سکی "روفی شہر سے اتنی دور اس تنہائی میں تمہارا دل تو نہ اداس ہو گا؟" اور روفی نے میرے بالوں سے کھیلتے ہوئے کہا تھا "ریحی، دل چاہتا ہے کہ تمہاری ان گھنیری زلفوں کے سائے میں سویا رہوں اور مجھے اس خواب سے چونکانے والا کوئی نہ ہو......" اور جب پچھلے سال وہ میرے بالوں کو پیار کر رہا تھا میں نے وہ بات پوچھ ہی لی جو کئی سالوں سے سوچ رہی تھی "روفی، ایک بات بتاؤ گے؟" "کیا بات؟" "کیا اب بھی تمہیں مجھ سے اتنی ہی محبت ہے؟ اب تو میری جوانی ڈھل چکی ہوگی۔ اور یہ بال جو کبھی گھٹاؤں کی مانند سیاہ تھے سفید ہو چکے ہوں گے......" "ریحی، ریحی" وہ چونک اٹھا "میری پیاری ریحی یہ تم کیا کہہ رہی ہو۔ تمہارے یہ بال اب بھی گھٹاؤں کو شرما دیتے ہیں۔ تمہارا یہ سڈول جسم اب بھی ویسا ہی خوبصورت ہے۔ تمہاری رنگت اب بھی گلاب کے پھولوں کو مرجھا دیتی ہے اور تمہارے یہ پیارے لب اب بھی پھول کی پتی کی طرح نرم و نازک ہیں" "روفی، کیا یہ سب سچ ہے؟" ریحانہ میں نے قسم سے کبھی جھوٹ بولا ہے؟ میں نے کبھی [illegible] ..... [illegible] سی ہو گئی۔

[illegible] بارش [illegible] گر رہی تھیں..... اوہ بارش ہو رہی ہے۔ روفی کو گئے کافی دیر ہو گئی ہے..... شاید آج ڈاکٹر نہ آ سکے.... شاید بارش نہ تھمے.... آج ڈاکٹر ضرور آنا چاہیے..... آج ساتواں روز ہے.... ڈاکٹر نے کہا تھا [illegible] پٹی کھل جائے گی۔

..... آج ..... آج بائیس سال کے بعد میں ان ہرے بھرے کھیتوں کو دیکھوں گی جو پہاڑ کے دامن میں دور تک پھیلے ہوئے ہیں۔ آج اس کھڑکی میں بیٹھ کر ان چرواہوں کو دیکھوں گی جن کے میٹھے میٹھے گیت میرے کانوں میں بائیس سالوں سے گونج رہے ہیں اور جو اس سبزہ زار وادی میں اپنی سفید سفید بھیڑیں چرا رہے ہوں گے۔ میں ان سیاہ بادلوں کو دیکھوں گی جن میں آنکھ مچولی کھیلتی ہوئی بجلی جھانک جھانک کر نظروں کو خیرہ کر رہی ہوگی۔ اور ہاں، وہ چشمہ تو کھڑکی سے صاف دکھائی دیتا ہے جہاں ہر وقت خوش گلو پرندے آ کر چہکتے اور سیراب ہوتے ہیں۔ اور..... اور آج میں اپنے پیارے روفی کو بھی دیکھوں گی جس کی سہانی صورت دیکھے مجھے بائیس سال ہو گئے ہیں اور جسے دیکھنے کی حسرت میرے دل میں رہ رہ کر تڑپتی ہے۔ کتنا پیارا ہے روفی، اف، کتنی شریر ہیں اس کی آنکھیں، میں اس کی آنکھوں میں جھانکنے کی تاب کیسے لا سکوں گی۔ وہ جب میرا چہرہ اپنے ہاتھوں میں تھام کر میری آنکھوں میں جھانکتا تو اس کی جھیل سی آنکھوں میں بے پناہ چمک ہوتی اور میں اس جھیل میں ڈوب کے رہ جاتی۔ میری آنکھیں خود بخود جھک جاتیں۔ وہ مسکرا کر کہتا "ریحی تم نے یہ خوبصورت آنکھیں کسی غزال سے تو نہیں چھینی ہیں؟" اور جب شادی کے چھٹے ہی سال حادثے میں میری بینائی جاتی رہی تو روفی میری آنکھوں پر پیار کر کے کہتا "میری ریحی! تمہاری آنکھوں میں بینائی نہیں ہے تو کیا ہوا، نرگس بے بصری کے باوجود حسین و دلکش معلوم ہوتی ہے......"

"..... اس نے میری بینائی لوٹ آنے کے لیے کیا کیا جتن نہیں کیے! لیکن یہ خبر کہ ڈاکٹر یہاں نہ آ آتا تو شاید یہ تمام عمر اندھیرے میں کاٹنا ہوتی....

"او وہ کون، روفی؟"

"ہاں میں ہوں"

"ڈاکٹر نہیں آیا؟"

"آیا ہے"

"اف اس بارش میں تمہیں کتنی تکلیف ہوئی ہوگی ----"

"نہیں تو، کچھ بھی نہیں، ریحی کیا یہ خوشی کم ہے کہ آج تمہیں اپنی گم شدہ نعمت پھر سے ملنے والی ہے؟"

"ہاں، میرے سرتاج روفی، میری زندگی میں ان دو دنوں سے بڑھ کر کوئی دن مجھے خوشی نہیں دے سکا ایک وہ دن جب میں نے تمہیں پہلے پہل دیکھا تھا اور ایک آج جب بائیس سال کے بعد تمہیں دوبارہ دیکھ سکوں گی؟"

"ڈاکٹر [illegible]"

"ہاں، اور یہ کیا مجھے [illegible]"

"--- یہ اس بیچاری روفی؟"

ڈاکٹر نے آہستہ سے اس کی [illegible] کھول دی۔ اور آنکھوں کو [illegible] کمرے کو ڈارک روم سا بنا لیا۔ [illegible] چند منٹ کے بعد آہستہ آہستہ اپنی آنکھیں کھولنے اور دیکھنے کی کوشش کریں" اور ڈاکٹر بیگ میں ہاتھ دھو کر کمرے سے باہر نکل گیا۔ روفی بھی لپک کر باہر آیا اور کار تک ڈاکٹر کو پہنچا کر فیس پیش کی "اور ہاں، مجھے صبح ضرور اطلاع دیں۔ امید ہے نظر بالکل درست ہو گی!"

کمرے سے روفی اور ڈاکٹر کے چلے جانے کے بعد ریحانہ نے اپنی انگلیوں کے پوروں سے آہستہ آہستہ اپنی آنکھوں کو چھوا۔ اس کا دل زور زور سے دھڑکنے لگا۔ شاید اب بھی میں روشنی سے محروم ہی رہوں، یا شاید اس پر بہار دنیا کو دیکھ سکوں۔ اس کا دل بلیوں اچھلنے لگا۔ اس نے ذرا سی آنکھ کھول کر دیکھا۔ روشنی سے اس کی آنکھیں چندھیا گئیں۔ اس کا دل دھڑک اٹھا۔ اس نے دونوں ہاتھوں سے اپنی آنکھوں کے گرد حلقہ سا بنا لیا۔ اور آہستہ آہستہ اپنی آنکھیں کھول دیں۔ سامنے زرد رنگ کا پردہ تھا جس پر چھوٹے بڑے نیلے رنگ کے پھول بنے تھے۔ وہ خوشی سے جیسے پاگل ہو گئی۔ وہ آہستہ سے اٹھی مقابل کی دیوار پر قد آدم آئینہ اس کے روبرو تھا۔ وہ لپک کر آئینے کے سامنے آ گئی۔ آئینے میں اپنا عکس دیکھ کر اس کی چیخ نکل گئی۔

ریحانہ کی چیخ سن کر روفی جلدی سے کمرے میں داخل ہوا۔ ریحانہ نے پلٹ کر روفی کو دیکھا وہ ششدر سی رہ گئی۔ "ریحانہ!" "روفی تم!.... اف روفی....؟"

اس نے لڑکھڑا کر دیوار کا سہارا لیا، اور چیخ اٹھی: "وہ ریحانہ کہاں ہے روفی؟ جس کی سیاہ زلفوں کے سائے میں تم کھو جانا پسند کرتے تھے، جس کے سیاہ گنیرے گیسو گھٹاؤں کو شرما دیتے تھے.... اور جس کے سڈول جسم کو تم دنیا کے حسن سے تشبیہ دیا کرتے تھے، جس کے رخسار گلاب کی رنگت کو ماند کرتے تھے.... میرے اندھیرے مجھے واپس لوٹا دو روفی.... میرے اندھیرے مجھے واپس لوٹا دو....؟"

روفی نے بڑھ کر اسے سینے سے لگا لیا!

نزہت کاظم (وڈبرز)

[illegible] کباب

اشیاء:- آدھا سیر قیمہ، دو گٹھی پیاز، ایک پاؤ دہی، ایک چھٹانک خشخاش، تھوڑا سا کچا پپیتہ، دو چائے کا چمچہ پیا ہوا گرم مصالحہ، ڈیڑھ چائے کا چمچہ پسی ہوئی لال مرچ، دو چائے کے چمچے سرکہ، ڈیڑھ چھٹانک گھی، تین ہری مرچیں، چند پتے ہرا دھنیا، ایک لیموں، ایک چھوٹی پوتھی لہسن، ایک پاؤ گھی۔

ترکیب:- گوشت کے ٹکڑے دھو کر دو دو انچ لمبے اور پیاز باریک کاٹ لیں۔ لہسن، خشخاش اور پپیتہ پیس لیں، ہری مرچ، پیاز اور ہرا دھنیا باریک کاٹ لیں۔

گھی میں پیاز اور ادرک ڈال کر سرخ کر لیں۔ پھر گوشت کے ٹکڑے ڈال کر بھونیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو تھوڑا دہی ڈالیں پھر بھونیں۔ اور کبھی آدھا کرتے سرخ کریں۔ اب پسا ہوا لہسن، خشخاش اور پپیتہ ڈال کر بھونیں۔ گرم مصالحہ، سرخ مرچیں اور نمک بھی ڈال دیں۔ جب مصالحہ بھن لیں تو دہی شامل کر دیں پھر پانی اور سرکہ ڈال کر ہلکی آنچ پر پکنے کے لئے رکھ دیں۔ بوٹیاں گل جائیں تو سالن پانی خشک کر کے بوٹیاں مصالحے سمیت بھون لیں جب گھی چھوڑنے لگے تو پتیلی چولہے سے اتار لیں۔ جب ڈش میں نکال کر پیش کرنے لگیں تو اطراف میں کٹی ہوئی پیاز سجا دیں اور ہری مرچیں اور دھنیا چھڑک دیں۔ لیموں کے قتلے رکھ کر پیش کریں گرم گرم نان کے ساتھ مزے دار لگتے ہیں۔

قیمہ سرسوں کا ساگ

اشیاء:- آدھا سیر قیمہ، ایک سیر سرسوں کا ساگ، ایک پاؤ میتھی، آدھا پاؤ ادرک، ایک چھوٹی پوتھی لہسن، تین دو دھیا نمک اور مرچ حسب ذائقہ، چوتھائی چائے کا چمچ گرم مصالحہ، ایک چائے کا چمچ پسا ہوا دھنیا، ایک چھوٹی گٹھی، ڈیڑھ چھٹانک گھی، ایک بڑی گٹھی پیاز۔

ترکیب:- ساگ کا ایک ایک پتہ توڑ کر دھو کے صاف کر لیں۔ میتھی کی پتیاں بھی دھو کر صاف کر لیں۔ ساگ کو تیز چھری سے باریک کاٹ لیں۔ لہسن اور ادرک پیس لیں۔ پیاز کو باریک کاٹ لیں۔

گھی گرم کر کے اس میں پیاز سرخ کریں۔ پھر پسا ہوا لہسن، ادرک اور دھنیا ڈال کر بھونیں۔ مرچیں اور گرم مصالحہ بھی شامل کر دیں۔ اگر مصالحہ جلنے لگے تو پانی کا چھینٹا دے کر بھونیں۔ جب مصالحے کی بو باقی نہ رہے تو گلے ہوئے ٹماٹر کے ساتھ قیمہ بھی ڈال دیں۔ اب نمک بھی شامل کریں اور خوب بھون لیں۔ جب گھی چھوڑنے لگے تو ساگ اور میتھی بھی قیمے میں ڈال دیں اور دھیمی آنچ پر پکا لیں۔

بعض لوگ ساگ کو الگ سے ابال کر گھوٹتے ہیں اور پھر قیمے میں ملا دیتے ہیں۔ قیمے میں ملانے کے بعد تھوڑی دیر پکا لینا چاہئے۔ قیمے کی جگہ بکری یا گائے کا گوشت بھی شامل کر سکتی ہیں۔ باقی اجزا یہی رہیں گے۔

ٹورانٹو میں مینا بازار

پاکستان [illegible] مسلم [illegible] کی جانب سے [illegible] مینا بازار لگایا جائے گا

[illegible]



پاکستان کے خلاف ہمسایہ ممالک کی سازش سے حکومت پوری طرح آگاہ ہے

میں نے روس کے خلاف کوئی بات نہیں کہی : بھٹو

موجودہ بحران اپوزیشن کا پیدا کردہ ہے

کوئٹہ اسمبلی ہال جون (پ پ) وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے قوم کو یقین دلایا ہے کہ حکومت ان سازشوں اور ریشہ دوانیوں سے پوری طرح آگاہ ہے جو بعض ہمسایہ ممالک میں پاکستان کے خلاف تیار کی جا رہی ہیں۔ اپوزیشن کے لیڈر خان عبدالولی خان کے اعتراضات کا جواب دیتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ انہوں نے قوم کے نام اپنی حالیہ نشری تقریر میں روس کے خلاف کوئی بات نہیں کہی پاکستان کے روس کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ ان تعلقات میں اضافہ ہو۔

سورن سنگھ کی طرف سے پاکستانی عوام کو حکومت کے خلاف ابھارنے کی کوشش

بھارتی وزیر خارجہ کی حرکت بین الاقوامی اصولوں کے منافی ہے : سفارتی حلقے

سری نگر میں شیخ عبداللہ سے سورن سنگھ کی بات چیت ناکام ہو گئی

بھارت نے جدید ترین سامان جنگ تیار کرنا شروع کر دیا

بکتر بند گاڑیاں اور دریا پار کرنے کے لئے جرمن ساخت کے پل بھی بنائے جا رہے ہیں

میں اب
ہیرو نہیں
بننا چاہتا

لاہور ۱۲ جون (پ پ) وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے کل اپنی تقریر کے دوران احمدیوں کے مسئلہ پر لاہور میں دینی و سیاسی رہنماؤں سے ہونے والی اپنی بات چیت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان میں سے بعض نے مجھ سے کہا کہ ہم نے آپ کو ہیرو بننے کا موقع فراہم کیا ہے۔ آپ احمدیوں کو اقلیت قرار دینے کا فیصلہ کر کے ہیرو بن جائیں۔ وزیراعظم بھٹو نے کہا کہ میں کب تک ہیرو بنتا رہوں گا ... ہیرو، انتخاب کا ہیرو، ہیرو بننے سے میری توبہ۔ ... ہیرو بننا نہیں چاہتا ... وزیر خارجہ بنا، صدر بنا اب وزیراعظم ہوں۔ ہیرو بننے کی کوشش کیوں کروں۔ میں منصفانہ فیصلے کی تلاش میں ہوں۔

دولتمند ممالک بنگلہ دیش کو بہت زیادہ اقتصادی امداد نہیں دیں گے

بنگلہ دیش اقتصادی بقا کی جنگ ہار رہا ہے : بی بی سی

لندن۔ جون (بی بی سی) بنگلہ دیش میں اقتصادی بحران مزید تشویشناک صورت اختیار کر گیا ہے پنجسالہ منصوبہ ناکام ہو گیا ہے اور دولت مند ممالک بنگلہ دیش کی اتنی زیادہ امداد دینے کی طرف مائل نہیں کہ اس بحران پر قابو پایا جا سکے۔ ... بنگلہ دیش اقتصادی بقا کی جنگ ہار رہا ہے۔ مغربی ممالک اس حقیقت سے آگاہ ہیں ...

زائرین کیلئے حکومت پاکستان کی طرف سے اب کوئی پابندی عائد نہیں کی جا رہی

غیر ممالک کی طرف سے عائد شرائط ختم کرانے کی کوشش کی جا رہی ہے : زیارت کمیٹی کا اجلاس



پاکستان نے ایشیائی سلامتی کے منصوبے کو قبول نہ کیا تو روس اس کے ٹکڑے کرنے کی کوشش کریگا

چین کے خلاف روسی عزائم کی تکمیل میں پاکستان سب سے بڑی رکاوٹ ہے

آگے چل کر صوبہ سرحد اور بلوچستان میں بھارت اور روس کی ریشہ دوانیاں بڑھ جائیں گی ڈیلی ٹیلیگراف

بارہ ہزار روپے سالانہ آمدنی تک انکم ٹیکس معاف کر دیا گیا

سپر ٹیکس پچاس ہزار کی بجائے ایک لاکھ کی آمدنی سے شروع ہوگا، کھلی چاء پر خصوصی ڈیوٹی اور سیلاب سرچارج ختم



۱۹۸۰ء تک تعمیر ہونے والے مکانات پر پراپرٹی ٹیکس نہیں لیا جائے گا

سٹیل فرنیچر پر بھی ٹیکس معاف، چھوٹی کاروں پر ڈیوٹی میں نمایاں کمی

ماجد خان پاکستانی ٹیم میں شامل ہوں گے

پاکستانی کرنسی کے لئے پیرس کے اخبار میں اشتہار



وزیر اعظم بھٹو سے بہاریوں کی واپسی کے بارے میں بات چیت کی جائے گی: کمال حسین

اسلامی کانفرنس عالم اسلام کی ترقی میں سنگ میل ثابت ہوگی

— عزیز احمد

بھارت نے ایٹمی دھماکہ کر کے تعلقات کو معمول پر لانے کی کوششوں کو نقصان پہنچایا

کوششیں ترک نہیں کی جائیں گی: وزیر اعظم

قادیانیوں نے غیر ممالک میں کروڑوں روپے کا ناجائز زرمبادلہ جمع کر رکھا ہے

مرزا غلام احمد قادیانی کی صد سالہ برسی پر دس کروڑ روپے خرچ کرنے کا پروگرام

ناجائز اقتصادی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کے لیے فرقہ کے حسابات کی پڑتال کرائی جائے

لاہور ۔ ۔ جون (نامہ نگار خصوصی) معلوم ہوا ہے کہ انجمن جماعت احمدیہ نے اندرون اور بیرون ملک ایسے بہانے پر سرمایہ کاری کر رکھی ہے ۔ پاکستان میں بھی قادیانیوں کے صنعتی اداروں کی مالی معاونت کرنے کے لیے اس جماعت نے کروڑوں روپیہ ...

صوبائی بجٹ ایک نظر میں

پاکستان میں قادیانیوں کے فتنہ کو کچلنے کے لیے اپنا اثر و رسوخ استعمال کریں

پاسبان حرم شاہ فیصل سے امیر جماعت اسلامی میاں طفیل محمد کی اپیل

لاہور ۔ ۔ جون (شاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی میاں طفیل محمد نے شاہ فیصل کے نام ایک پیغام میں درخواست کی ہے کہ پاکستان میں قادیانیوں کے فتنہ نے جو سر ابھارا ہے اس کو کچلنے کے لئے وہ اپنا اثر و رسوخ استعمال کریں ...

ختمِ نبوّت پر ایمان نہ رکھنے والا مسلمان نہیں

میں خود غرض سیاستدان ہوتا تو ۱۹۷۱ء میں اقتدار نہ سنبھالتا

قومی اسمبلی میں حکمران جماعت کے ارکان پر پارٹی کی طرف سے کسی قسم کا دباؤ نہیں ڈالا جائیگا

قادیانیوں کے مسئلہ کا منصفانہ اور مستقل حل تلاش کر لیا جائے گا

عوام ہڑتال کریں لیکن امن و امان تباہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

فوج کو شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے تیار رہنے کا حکم دیدیا گیا ہے : وزیر اعظم کی نشری تقریر



کانگریس کا سبق

میں نے ڈھائی سال
میں بیرانداز و بیرونی
سازش کا مقابلہ کیا ہے
میں اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتا

SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00
FOR TWO YEARS $10.00
SEND CHEQUES TO:

The Crescent
P. O. Box 296, Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1L0
Canada

Telephone (416) 690-1590

NAME

ADDRESS

PHONE #

صدائے پاکستان
[illegible]

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے، جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی،
اگر یہ ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"
[illegible] قائد اعظم کی گفتگو

قادیانیت کا سیاسی پس منظر


مسائل و افکار

زیڈ اے سلہری

اُن بزرگوں کی صفوں میں جنہوں نے برصغیر میں اسلامی اقتدار کے استحکام میں اور مسلمانوں کی نشاۃ ثانیہ بروئے کار لانے کی کوشش میں ناقابلِ فراموش خدمات سرانجام دی ہیں، حضرت سید احمد شہید بریلوی کا مقام بہت اونچا ہے۔ انہوں نے سلطنتِ مغلیہ کے زوال کے بعد ملتِ مسلمہ میں جہاد کا جذبہ پیدا کیا اور دشمنانِ اسلام کے خلاف جدوجہد آزادی کی تحریک شروع کی۔ ان کا حلقہ اثر مشرقی بنگال سے لے کر دور دراز شمال مغربی سرحد کے آزاد قبائل تک پھیلا ہوا تھا۔ ان کے ماننے والوں کی ایک ایسی آہنی تنظیم سے مربوط تھے کہ ڈھاکہ اور پٹنہ کے لوگ پہاڑوں پر جا کر لڑتے تھے اور انگریزوں اور سکھوں کی فوجیں ان کی راہ میں حائل نہ ہو سکتی تھیں۔ انیسویں صدی کے دوسرے اور تیسرے عشرے میں محاذ سکھوں کے خلاف تھا۔ ان رضاکاروں کا مقصد سرحد اور پنجاب کو سکھوں کے قبضہ سے آزاد کرانا تھا۔ ۱۸۲۶ء اور ۱۸۳۱ء کے درمیان انہوں نے پشاور کو فتح کر لیا تھا۔ بعد ازاں ان کا مقابلہ انگریزوں سے ہوا جنہوں نے پنجاب کو سکھوں سے حاصل کر لیا تھا۔ گو سید صاحب ۱۸۳۱ء میں بالاکوٹ کے مقام پر ایک معرکے میں شہید ہو گئے لیکن ان کی تنظیم قائم رہی اور وہ انگریزوں کے خلاف مسلسل مقابلے رہے۔ اس تنظیم کی طاقت کا اندازہ یوں کیا جا سکتا ہے کہ ۱۸۶۳ء اور ۱۸۶۸ء کی لڑائیوں میں ہندوستان میں انگریزوں کے کمانڈر انچیف نے فوجوں کی کمان خود اپنے ہاتھ میں رکھی۔ جہاں مجاہدین کو میدانِ جنگ میں کبھی شکست نہ ہوئی اور انگریزی سپاہی ہزاروں کی تعداد میں مارے گئے بالآخر ان کی پسپائی کا باعث وہ بین القبائلی سیاست ہوئی جس کا انگریز کی فراست نے پورا استعمال کیا، لیکن عسکری ہیبت کے کمزور پڑنے کے باوجود، تنظیم کا وجود قائم رہا۔ انگریزوں نے ان پر بغاوت کے متعدد مقدمات چلائے لیکن حکومت کو ان کی طرف سے کبھی چین حاصل نہ ہوا۔

وہابی تحریک کی داستان سرفروشی کو بنگال سروس کے ایک ممتاز رکن William Hunter نے صفحۂ قلمبند کیا ہے۔ ان کی کتاب کا نام The Indian Mussalmans ہے، یہ ۱۸۷۱ء میں لکھی گئی اور اس مواد پر مبنی ہے جو مقدمات کے ضمن میں سامنے آیا۔ ہنٹر اس تحریک کے مظاہر کو مشرقی بنگال کے اضلاع میں خود شاہد رہ چکا تھا اور اس نے اپنے مشاہدات کے متعلق تفصیل سے لکھا ہے۔ اس کے لکھنے کے مطابق تحریک کا بنیادی استدلال تھا کہ مسلمانوں کی حکومت کے ختم ہو جانے کے بعد ہندوستان دار الحرب بن چکا ہے اور ہر مسلمان کا مذہبی فریضہ ہے کہ وہ غیر ملکی حکومت کو توڑنے اور جہاد کرنے کے لیے تیار ہو۔ گو جب تک وہابی تنظیم عسکری لحاظ سے کافی کمزور ہو چکی تھی لیکن ہنٹر کو خطرہ تھا کہ وہ کسی وقت دوبارہ طاقت پکڑ سکتی ہے، کیونکہ جہاد پر صرف تنظیم کے وابستگان کا ہی ایمان نہ تھا بلکہ مسلمانوں کی اکثریت اس کے اطلاق کی قائل تھی اور تحریک کو مالی امداد بھی پہنچے

ہم مذہبوں سے ہی ملتی تھی، ہنٹر کی کتاب دراصل ایک رپورٹ تھی جو اس نے حکومت کے لیے لکھی تھی، اس رپورٹ کا لب لباب یہ تھا، کہ جب تک مسلمانوں میں یہ عقیدہ جاری ساری رہے گا کہ حکومتِ انگلشیہ کفار کی حکومت ہے، جو قابلِ تسلیم نہیں، اس کے تحت ملک دار الحرب بنا رہے گا اور مسلمانوں کا مذہبی فرض یہ ہے موقف رہے گا کہ اس حکومت سے تعاون نہ کرو اور اس کے تحت امن سے رہنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اسی بناء پر حکمران حلقوں میں یہ تصور قائم ہوا تھا کہ مسلمان حکومت کے وفادار ہو ہی نہیں سکتے، وہابی تحریک اس خدشے کی عملی تفسیر تھی اور ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں بغاوت کا الزام مسلمانوں کے سر ہی رہا تھا، ہنٹر نے اپنی کتاب کو چار حصوں میں تقسیم کیا۔ پہلے باب میں اس نے اس "باغی نوآبادی" کا ذکر کیا ہے جو سید احمد شہیدؒ نے سرحد پر قبائلی علاقوں میں بسائی تھی اور جہاں ہندوستان کے مسلمان قبائل کے ساتھ سکھوں اور بعد میں انگریزوں کے خلاف داد شجاعت دیتے تھے۔ دوسرے باب میں اس نے اس تنظیم کا پورا احوال دیا ہے جو سرحد پر مجاہدوں کو حکومت کی نظروں کے سامنے مادی امداد کا انتظام کرتی تھی اور جس کا مرکز پٹنہ میں تھا۔ تیسرے باب میں وہ ان فتاویٰ پر بحث کرتا ہے جو "وہابی فتنے" کو مٹانے



کے لیے انگریزوں نے علماء سے حاصل کئے لیکن جن سے خاطر خواہ اثر نہ پیدا ہوا۔ چوتھے باب میں وہ بنگالی مسلمانوں کی زبوں حالی کا قصہ بیان کرتا ہے کہ وہی لوگ جو کچھ عرصہ پہلے حکومت کے سول عہدوں پر فائز تھے آج نانِ شبینہ کو بھی ترستے ہیں، اور حکومت کو مشورہ دیتا ہے کہ ان کی آقتصادی فلاح کا اور خاص طور پر تعلیم کا بندوبست کیا جائے تاکہ ان میں بغاوت کا جذبہ فرو ہو۔

سب سے دلچسپ حصہ کتاب وہ ہے جہاں وہ اس نکتے پر بحث کرتا ہے کہ مسلمانوں پر جہاد فرض ہے یا نہیں۔ جہاں تک وہابی تحریک کا تعلق تھا، بات بالکل صاف تھی وہ کفار کی حکومت کو ماننے کو تیار نہ تھے اور وہ اسے ہر طریقے سے گرانا اپنا فرض سمجھتے تھے۔ لیکن صرف تحریک تک محدود نہ تھا، اگر تحریک کو دینی کل مسلم قوم سے تائید و اعانت حاصل نہ ہوتی تو وہ ہرگز کامیاب نہ ہو سکتی۔ ہنٹر کا یہ کہنا تھا کہ عسکری اور انتظامی طور پر تو علاوہ ازیں وہابی تحریک اور دوسرے باغیوں کو [illegible] سکتی

ہے لیکن جب تک امتِ مسلمہ کے عقاید میں تبدیلی نہ آئے، حکومت کو مسلمانوں سے دائمی خطرہ لاحق رہے گا۔ اب ان فتاویٰ کے متعلق سنیئے: ایک فتویٰ مکہ کے شیوخ نے دیا تھا اور اس کی رو سے اگر اسلام کے کچھ احکام بھی نافذ العمل رہیں، مثلاً جمعہ اور عیدین تو ملک دار الاسلام رہے گا۔ شمالی ہندوستان کے علماء نے کہا کہ گو ہندوستان غیر مسلم حکومت کی وجہ سے دار الحرب بن چکا ہے لیکن بغاوت غیر ضروری ہے۔ انہی فتاویٰ کی بناء پر کلکتہ کے مولوی کرامت علی نے بھی ہندوستان میں جہاد کو بے محل قرار دیا۔ ہنٹر ان فتاویٰ سے مطمئن نہیں، وہ کہتا ہے کہ بے شک یہ امر لائق پذیرائی ہے کہ ان فتاویٰ کی روشنی میں متمول مسلمان وہابی قسم کی تحریکوں سے تعاون کے گراں فرض سے بچ جائیں گے۔ لیکن اس نتیجے کی اہمیت ہی کیا ہے۔ اصل معاملہ تو ان غریبوں کا ہے جو بڑی اکثریت میں ہیں۔ اور باغی تحریکوں کی پشت و پناہ بنے ہوئے ہیں۔ وہ ان فتووں کا گہرا تجزیہ کرتا ہے۔ اور یہ نتیجہ اخذ کرتا ہے کہ ان سے حکومت کو کوئی عافیت نہیں ملتی۔ کیونکہ مکہ کے شیوخ نے صرف یہ کہا ہے کہ ہندوستان دار الاسلام ہے۔ اور اس سے زیادہ کچھ نہیں کہا، اس کا مطلب ہے کہ مسلمانوں کو اختیار ہے کہ دار الاسلام سے ان کفار کو نکالنے کی کوشش کریں جنہوں نے اس پر ناجائز قبضہ کر لیا ہے اور کئی اسلامی احکام کو منسوخ کر دیا ہے، پھر ہنٹر اس بات کو بھی ماننے کو تیار نہیں کہ اسلامی شریعت کے نقطۂ نگاہ سے ہندوستان انگریزوں کے تسلط میں بھی دار الاسلام رہ سکتا ہے۔ وہ فتاویٰ عالمگیری اور امام ابو حنیفہ کے حوالے سے ثابت کرتا ہے کہ جب غیر مسلم اقوام کھلے طور پر برسرِ اقتدار آ جائیں اور اسلامی احکام جاری نہ رہیں، تو وہ ملک دار الاسلام نہیں رہتا: وہ اس ضمن میں یونان (GREECE) کی مثال دیتا ہے کہ وہ جب تک ترکوں کے تحت رہا دار الاسلام رہا لیکن جب وہ مسلمانوں کی گرفت سے آزاد ہوا تو وہ دار الحرب بن گیا حالانکہ وہاں اب بھی مسلمان آبادی بستی تھی، اس طرح وہ کہتا ہے کہ میری نظر میں مکہ کے شیوخ کا فتویٰ کہ ہندوستان دار الاسلام ہے محل نظر ہے۔ وہ قرآن کریم کے حوالے سے کہتا ہے کہ اس میں غلام مسلمان کا تصور ہی نہیں ملتا ہے، وہ مسلمانوں کو فاتح کی حیثیت میں ہی دیکھتا ہے۔ اس لیے مسلمانوں سے وفاداری کی توقع عبث ہے۔ اس نے شاہ عبدالعزیزؒ کی رائے بیان کی ہے جس کی رو سے ہندوستان دار الحرب ہے۔ ان دلائل سے وہ یہ ثابت کرتا ہے کہ اسلامی نقطۂ نگاہ کی رو سے ہندوستان دار الحرب ہے اور جہاد فرض، مسلمانوں کی اکثریت کا عقیدہ ہے اور اس کا کوئی تدارک سوچنا چاہیئے۔

ایک طرف ہنٹر مسلمانوں کے علماء سے اختلاف کرتا ہے کہ ہندوستان دار الاسلام ہے تو دوسری طرف وہ ہندوستان کے دار الحرب ہونے کی صورت میں جہاد کے مدعی پیش ہوتا ہے۔ تمام بحث کے لیے

ہنٹر کا یقین یہی معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان ناقابلِ اعتبار ہیں۔ وہ فتویٰ جو علماء کی رائے مانتے ہیں کہ جہاں ان سے رہنا چاہیئے خود غرض افراد کو تسلی ہے جو دنیاوی فائدہ چاہتے ہیں لیکن عام مسلمان وہابی عقیدہ رکھتے ہیں۔ ہنٹر کی کتاب کا برطانیہ کے اعلیٰ حکمران طبقہ میں گہرا مطالعہ کیا گیا۔ اور وہ ہنٹر کی طرح اس نتیجے پر پہنچے کہ جہاں تک مسلمانوں کی اقتصادی ابتری کا تعلق ہے اسے ضرور بہتر کرنا چاہیئے تاکہ وہ سرکاری خیالات کے حلقہ اثر میں آسکیں۔ انہوں نے دیکھا کہ انگریزی سکولوں کے تعلیم یافتہ کم و بیش سرکار پرست تھے۔ یہی توقع انہوں نے ان مسلمانوں سے باندھی جو مغربی تعلیم حاصل کریں گے لیکن ان کے سینے میں جو کانٹا کھٹکتا تھا وہ مسلمانوں کا یہ عقیدہ تھا کہ مذہبی نقطۂ نگاہ سے انہیں غیر مسلم حکومت ناقابلِ قبول ہے سوال یہ تھا کہ اس عقیدے کی کس طرح ترمیم ہو۔ ہنٹر کی کتاب پچھلی صدی کے ساتویں عشرے میں لکھی گئی، عرصہ تک اس پر غور و فکر ہوتا رہا۔ کیا اس غور و فکر نے کوئی نتیجہ نکالا؟

اب انیسویں صدی کے آخر میں ہی مرزا غلام احمد کا نام سننے میں آتا ہے۔ انہوں نے دو بنیادی خیالات کی تبلیغ کی۔ ایک یہ کہ اولی الامر کا اتباع ضروری ہے۔ چونکہ حکم کی شرط نظر انداز کر دی گئی تھی۔ ظاہر ہے۔ اس کا مطلب انگریز حکمران تھے۔ دوسرے انہوں نے جہاد کو حرام قرار دیا ہے

اب چھوڑ دو جہاد کا اے دوستو خیال
دیں کے لیے حرام ہے جنگ و قتال

یہ وہابی اور عام مسلمان خیالات کی عین تنقیض تھی۔ سید احمد شہیدؒ کی تحریک کا مقصد جہاد اور غیر مسلموں کی حکومت کو ختم کرنا تھا۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ جہاں جہاں ہنٹر سید احمد شہید کا ذکر کرتا ہے۔ وہاں انہیں از خود [illegible] کا لقب دیتا ہے۔ گو وہ جانتا ہے کہ ان کا نعوذ باللہ نبوت کا دعویٰ نہ تھا۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر مقصود وہابی خیالات کی تردید تھی تو اس مبلغ کے لیے جو یہ فریضہ ادا کرے مرتبہ بھی ایسا ہونا چاہیئے تھا جو علماء سے اونچا ہو۔ ہنٹر کی کتاب سے یہ بالکل ظاہر ہے کہ جہاں وہ مختلف علماء کے فتاویٰ کا خیر مقدم کرتا ہے وہاں وہ ان کے اثر و رسوخ کے متعلق زیادہ حسن ظن نہیں رکھتا۔ اور علماء نے بہر حال جہاد کو ناجائز نہ قرار دیا۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ انگریزی راج کو جائز قرار دیا جائے تو جہاد کو قطعی ناجائز۔ کٹھن مشن تھا۔ لیکن مرزا صاحب نے اس کی تکمیل کا بیڑہ اٹھایا اور اس لئے حاکم وقت کی التفات کے سزاوار ٹھہرے

ارشادِ نبوی

حضرت ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک مومن دوسرے مومن کے لیے ایک عمارت کی مانند ہے کہ اس کا ایک حصہ دوسرے حصے کو مضبوط کرتا ہے۔ پھر آپ نے ایک ہاتھ کی انگلیاں اپنے دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال دیں۔

حضرت [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے روز [illegible] تمام لوگوں میں [illegible] ایک گروہ کے پاس ایک چیز [illegible] اور دوسرے گروہ کے پاس [illegible] کے ساتھ جاتا ہے۔
[illegible]


• مرزا صاحب بھی بولے!

[illegible] ۱۹۷۴ء کے [illegible] خبر رساں ایجنسی اے پی [illegible] پاکستان کے [illegible] ربوہ کے پاپائے اعظم [illegible] یہ الفاظ ہمارے نہیں) مرزا ناصر احمد نے کہا ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ قادیانیوں کے خلاف موجودہ تحریک کا مقصد احمدی فرقہ کو تباہ کرنا ہے انہوں نے کہا ہماری جائیدادوں کو وسیع پیمانے آگ لگائی گئی لیکن پولیس خاموش تماشائی بنی کھڑی رہی۔ انہوں نے واضح الفاظ میں مسٹر بھٹو کی پارٹی — بلکہ اپنی سابقہ پارٹی — پیپلز پارٹی پر الزام عائد کیا کہ یہ فسادات خود اس نے کروائے ہیں تاکہ وہ انتہا پسندوں کی حمایت حاصل کر کے اپنی بگڑی ہوئی ساکھ بحال کر سکے۔ مرزا صاحب نے کہا قادیانیوں کو خواہ قتل ہی کیوں نہ کر دیا جائے وہ اپنے مسلک اور عقیدے پر قائم رہیں گے۔

یہ فسادات پیپلز پارٹی نے اپنی گرتی ہوئی ساکھ بحال کرنے کے لیے کروائے ہیں یا قادیانیوں نے پیپلز پارٹی کے ساتھ پنجہ آزمائی کے لیے خود شروع کیے۔ اس کا جواب تو جلد صمدانی کمیشن رپورٹ میں مل جائے گا۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ مرزا ناصر احمد اپنے مقلد سر ظفر اللہ کے نقش قدم پر چل پڑے ہیں ہم بڑے ادب کے ساتھ انہیں یاد دلانا چاہتے ہیں کہ پولیس ۲۹ مئی کو بھی ربوہ ریلوے سٹیشن پر خاموش تماشائی بنی کھڑی رہی تھی جب ان کی دہشت و نوجوان مسلمان طلباء کے خون سے ہولی کھیل رہی تھی۔ مرزا صاحب موجودہ مسندِ امارت سنبھالنے سے پہلے ساری عمر استاد اور پرنسپل رہے ہیں ایک استاد کے نزدیک سب طالب علم اولاد کی طرح ہوتے ہیں۔ ان کا دل نہ اس وقت پسیجا جب ان کی دہشت بن رہی تھی۔ نہ تادم تحریر انہیں اس واقعہ کی مذمت کی توفیق نصیب ہوئی ہے جو ان فسادات کا باعث بنا جن کی مذمت سر ظفر اللہ لندن میں پریس کانفرنس میں اور مرزا صاحب ربوہ میں غیر ملکی اخباری نمائندوں کو انٹرویو کے ذریعے کر رہے ہیں!

مرزا صاحب نے ہر قیمت پر اپنے مسلک اور عقیدے پر قائم رہنے کا بھی اعلان کیا ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ وہ مسلک اور عقیدہ ہے کیا! ابھی گذشتہ سال دسمبر میں اپنے سالانہ اجلاس میں خود مرزا صاحب نے فرمایا تھا کہ وہ بھی مسلمانوں کی طرح رسول اکرمؐ کو خاتم النبیین مانتے ہیں۔ کیا مرزا صاحب نے اپنے "تازہ ترین" موقف پر بھی نظر ثانی کر لی ہے!

کوئی نہیں چاہتا کہ مرزا صاحب اپنے دادا کا باطل مسلک و عقیدہ چھوڑیں۔ لیکن وہ کروڑوں بلکہ مسلمانوں اور غلامانِ محمدؐ سے کس طرح توقع رکھتے ہیں، کہ وہ اپنے ایمان اور اسلام کے بنیادی نظریے سے دستبردار ہو جائیں!



ہمیشہ اپنی تفصیلات اور عزائم کے مطابق زندگی [illegible] کے [illegible] آپ حل ہی [illegible] زندگی [illegible] کام پر کر [illegible] پاکستان کی عزت ہے [illegible] کی حمایت اور [illegible] کے [illegible] اسلام کی شان [illegible]

[illegible]

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ صدائے پاکستان
ٹورونٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ

جلد ۳

پاکستان میں بھارتی ایٹمی تجربے کے تابکاری اثرات ثابت ہو گئے

سائنسدانوں نے مٹی، ریت اور پانی کے نمونوں کا تجزیہ کر لیا

پاکستان ایٹمی توانائی کمیشن مزید تحقیق کر رہا ہے

تابکاری اثرات نہ ہونے کے بارے میں بھارت کا دعوے غلط تھا

اسلام آباد ۔ بھارت نے حال ہی میں پاکستان کی سرحدوں کے قریب علاقہ راجستھان میں جو ایٹمی دھماکہ کیا تھا پاکستان میں اس کے تابکاری اثرات معلوم کیے گئے ہیں پاکستان ایٹمی توانائی کمیشن کے اعلان کے مطابق دھماکے کے نتیجہ میں تابکاری کا اخراج ... پابندی کے معاہدہ ۱۹۶۳ء کی خلاف ورزی ہے ... مختلف حصوں میں بھیجا گیا تھا انہوں نے ...

اندرون ملک ٹریکٹر تیار کیے جائیں گے ۵۹۲۲ بیڈ فورڈ ٹرک تیار کیے گئے

چین کی مدد سے چھوٹی سٹیل مل قائم کرنے پر غور کیا جا رہا ہے ۔ قومی اسمبلی کا وقفہ سوالات

قومی اسمبلی ہال ... وفاقی وزیر ... نے آج قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ حکومت مستقبل میں سیلابوں سے ہونے والے نقصانات کی روک تھام کے لئے ... وقفہ سوالات کے دوران ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا ... ایک جامع منصوبہ مرتب کیا گیا ہے جس کے باعث سیلابوں سے نقصانات کا موثر سدباب ہو سکے گا ... وفاقی وزیر ... کی سربراہی میں قائم کردہ مرکزی سیلاب کمیٹی نے موجودہ ہنگامی انتظامات کا جائزہ لیا ہے

اسلامی ممالک اپنے معاشی وسائل کو یکجا کر کے دنیا کا امیر ترین گروپ بن سکتے ہیں

اقتصادی تعاون کے شعبوں میں صحیح منصوبہ بندی کی ضرورت ہے : حسن التہامی



کوالالمپور ... اسلامی سیکرٹریٹ کے سیکرٹری جنرل مسٹر حسن التہامی نے کہا ہے کہ اسلامی ممالک میں اقتصادی تعاون ... پانچ سال سے بھی کم عرصہ میں دنیا کی اقوام کا امیر ترین گروپ بن سکتے ہیں ...

بھارت آئندہ سال سینکڑوں چھوٹے ایٹم بم بنانے کے قابل ہو جائے گا


بھارت کا ایٹمی تجربہ برصغیر میں امن کے لیے خطرہ ہے : بنگلہ دیشی اخبار

اسلام آباد ... [illegible]

بھارت روز اول سے پاکستان کے خاتمہ کی کوششوں میں مصروف ہے

بھارت کی عیاری ہم پر واضح ہے : ہم پاکستان سے دوستی چاہتے ہیں : ڈاکٹر جگجیت سنگھ چوہان

ٹورانٹو میں خالصتان کی جلاوطن حکومت کا عنقریب قیام



ڈاکٹر جگجیت سنگھ چوہان اور ٹورانٹو کے آرٹسٹ ہردیو سنگھ

ٹورانٹو ۔ مشرقی پنجاب کے سابق وزیر ممتاز سکھ لیڈر اور سکھوں کی بین الاقوامی کونسل کے صدر ڈاکٹر جگجیت سنگھ چوہان نے اس اخبار کے ایک نمائندے کو بیان دیتے ہوئے کہا کہ بھارت کے لیے سکھوں نے آزادی سے لے کر اب تک جان و مال کی بے اندازہ قربانیاں دیں۔ مگر پھر بھی ہمیں وہاں غدار سمجھا جاتا رہا ہے۔ ہندو اکھنڈ بھارت چاہتا ہے وہاں اقلیت کے لیے کوئی جگہ نہیں۔

سکھوں کے لیے کوئی باعزت جگہ نہیں۔ اب ہم اپنا ہاتھ پاکستان کی طرف بڑھاتے ہیں۔ ہماری دوستی اسی غیور قوم کی دوستی ہے جس کے بغیر بھارت ایک ایسے سانپ کی مانند رہ جائے گا جس کے منہ میں دانت نہ ہوں۔

دنیا بھر کے لاکھوں سکھ ہماری طرف آنکھ لگائے بیٹھے ہیں۔ لہٰذا ہم زیادہ انتظار نہیں کر سکتے۔ جناب کلنٹو سے ہماری درخواست ہے کہ وہ ہمیں دو لوٹ بتا دیں کہ آیا وہ ہماری مدد کر سکتے ہیں یا نہیں۔ ...

وجہ سے معلق رہا ہے ۔ امید ہے کہ ہمارے ساتھ بھی شیخ عبداللہ جیسا سلوک نہیں کیا جائے گا۔

ڈاکٹر چوہان نے اپنے آئندہ لائحہ عمل کے بارے میں مفصل بات کرنے سے گریز کرتے ہوئے کہا کہ وہ عنقریب ٹورانٹو، وینکوور یا نیو یارک میں خالصتان کی جلاوطن حکومت کا اعلان کرنے والے ہیں۔

ڈاکٹر چوہان نے بتایا کہ ہندوؤں نے کس سیتے دل سے پاکستان کو نہیں مانا ... [illegible]